# ماڈیول ۱۶

## حدیث نمبر25

## ذکر کی فضیلت

حضرت ابوذر الغفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کے کچھ صحابہ نے کہنے لگے:

"مالدار لوگ آخرت کے اجر میں ہم سے آگے نکل گئے ہیں۔ وہ بھی نماز اور روزہ کرتے ہیں، لیکن اپنے مال سے صدقہ کرتے ہیں جو ہمارے پاس نہیں ہے۔"

نبی ﷺ نے جواب دیا:

"کیا اللہ نے تمہارے لیے وہ چیزیں نہیں بنائی جن سے تم صدقہ کر سکو؟ ہر 'سبحان اللہ' کہنا صدقہ ہے، ہر 'الحمد للہ' کہنا صدقہ ہے، ہر 'اللہ اکبر' کہنا صدقہ ہے، اور ہر 'لا الہ الا اللہ' کہنا بھی صدقہ ہے۔ نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا بھی صدقہ ہے۔ اپنی بیوی کے ساتھ حلال طریقے سے تعلق بنانا بھی صدقہ ہے۔"

صحابہ نے پوچھا:

"یا رسول اللہ! کیا اپنی بیوی سے تعلق بنانا بھی صدقہ ہے؟"

نبی ﷺ نے جواب دیا:

"کیا تم دیکھتے نہیں کہ اگر کوئی انسان اپنی شہوت کو حرام طریقے سے پورا کرے، تو اس پر گناہ ہوتا ہے؟ اسی طرح اگر وہ اپنی شہوت کو حلال طریقے سے پورا کرے، تو اس پر اجر ملے گا۔"

## تفسیر اور ہدایت

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ نے ہر مسلمان کو، چاہے وہ امیر ہو یا غریب، نیک عمل اور ثواب کمانے کے برابر مواقع دیے ہیں۔ ذکر اور اچھے اعمال ہر شخص کے لیے آسان ہیں، اور یہ صدقہ کے برابر اجر دیتے ہیں۔ صحابہ کے درمیان نیکی میں سبقت کا جذبہ تھا، جو ہمیں بھی اپنانا چاہیے۔

نبی ﷺ نے ذکر کے الفاظ، جیسے 'سبحان اللہ'، 'الحمدللہ'، 'اللہ اکبر'، اور 'لا الہ الا اللہ'، کو صدقہ قرار دیا۔ یہ الفاظ صرف زبان کی عبادت نہیں، بلکہ دل کی تصدیق اور اللہ کے قرب کا ذریعہ ہیں۔

| کل تعداد | لا الہ الا اللہ | الحمدللہ | اللہ اکبر | سبحان اللہ | طریقہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 100 | لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ، لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر (1 مرتبہ) | 33مرتبہ | 33مرتبہ | 33مرتبہ | 1 |
| 100 | - | 33مرتبہ | 34مرتبہ | 33مرتبہ | 2 |
| 100 | 25مرتبہ | 25مرتبہ | 25مرتبہ | 25مرتبہ | 3 |
| 30 | - | 10مرتبہ | 10مرتبہ | 10مرتبہ | 4 |

سبھی طریقے صحیح ہیں، اور آدمی کبھی ایک طریقہ اور کبھی دوسرا طریقہ اپنا سکتا ہے۔ یہ اذکار خاص طور پر صرف فرض نمازوں کے بعد پڑھے جاتے ہیں، سنت یا نفل نمازوں کے بعد نہیں۔ سبھی طریقے صحیح ہیں، اور آدمی کبھی ایک طریقہ اور کبھی دوسرا طریقہ اپنا سکتا ہے۔ اذکار کے دوران خشوع، اخلاص، اور تصدیق پر دھیان دینا چاہیے۔

## حدیث نمبر 26

### عدل اور مسلمان بھائی کی مدد

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

"ہر انسان کے ہر جوڑ پر ہر دن ایک صدقہ فرض ہے جب سورج طلوع ہوتا ہے۔"

صحابہ نے سوال کیا کہ کیسے؟

نبی ﷺ نے جواب دیا:

- دو لوگوں کے درمیان انصاف کرنا صدقہ ہے۔
- کسی شخص کی سواری میں مدد کرنا یا اس کا سامان اٹھانا صدقہ ہے۔
- ہر اچھی بات کہنا صدقہ ہے۔
- مسجد کی طرف اٹھایا گیا ہر قدم صدقہ ہے۔
- راستے سے تکلیف دہ چیز ہٹانا صدقہ ہے۔

## تفسیر اور ہدایت

نبی ﷺ نے اس حدیث میں یہ واضح کیا کہ صدقہ صرف مال یا پیسہ دینے تک محدود نہیں، بلکہ ہر وہ عمل جو کسی انسان کے لیے مددگار ہو یا اللہ کی رضا کے لیے کیا جائے، وہ صدقہ کہلاتا ہے۔ ہر انسان کے جسم میں 360 جوڑ ہیں، اور ان کا شکر ادا کرنے کے لیے ہر دن صدقہ دینا ضروری ہے۔

## صدقہ کی مختلف شکلیں:

### انصاف کرنا

نبی ﷺ نے فرمایا کہ اگر تم دو لوگوں کے درمیان انصاف کرتے ہو، تو یہ بھی صدقہ ہے۔ انصاف ایک مسلمان کے لیے ایک اہم ذمہ داری ہے جو صرف عدل پر مبنی ہے۔

### مدد کرنا

کسی شخص کی سواری میں مدد کرنا، یا اس کا سامان اٹھا کر اس کی مدد کرنا بھی صدقہ ہے۔

### اچھی بات کہنا

ہر وہ بات جو کسی کا دل خوش کرے، یا اسے نصیحت اور رہنمائی دے، وہ بھی صدقہ ہے۔ اچھی بات صرف بولنے والے کے عمل میں اضافہ نہیں کرتی، بلکہ سننے والے کے لیے بھی فائدہ مند ہوتی ہے۔

### مسجد کی طرف ہر قدم

مسجد کی طرف اٹھایا گیا ہر قدم بھی صدقہ ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ عبادت اور اللہ کے گھر کی طرف روانہ ہونا خود ایک نیک عمل ہے۔

## راستے سے تکلیف دہ چیز ہٹانا

راستے سے ہر وہ چیز جو لوگوں کے لیے رکاوٹ بنے، اس کو ہٹا دینا صدقہ ہے۔ نبی ﷺ نے اس عمل کو بھی صدقہ کے درجے پر رکھا۔

## Hadith Number 25

## Zikr Ki Fazilat

Hazrat Abu Dharr Al-Ghifari رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Nabi ﷺ ke kuch sahaba ne kehne lage ki:

"Maladar log aakhirat ke ajar mein hum se aage nikal gaye hain. Woh bhi namaz aur roza karte hain, lekin apne maal se sadqa karte hain jo humare paas nahi hai." Nabi ﷺ ne jawab diya: "Kya Allah ne tumhare liye wo cheezain nahi banayi jinka tum sadqa kar sako? Har 'SubhanAllah' kehna sadqa hai, har 'Alhamdulillah' kehna sadqa hai, har 'Allahu Akbar' kehna sadqa hai, aur har 'La ilaha illa Allah' kehna bhi sadqa hai. Naiki ka hukm dena aur burai se rokna bhi sadqa hai. Apni biwi ke saath halaal tareeqe se taluq banana bhi sadqa hai."Sahaba ne poocha:

"Ya Rasulullah! Kya apni biwi se taluq banana bhi sadqa hai?"

Nabi ﷺ ne jawab diya:

"Kya tum dekhte nahi ke agar koi insaan apni shahwat ko haraam tareeqe se pura kare, to us par gunah hota hai؟ Isi tarah agar wo apni shahwat ko halaal tareeqe se pura kare, to us par ajar milega."

Is hadith se maalum hota hai ke Allah ne har musalman ko, chahe wo ameer ho ya ghareeb, nek amal aur sawab kamane ke barabar moqay diye hain. Zikr aur ache amaal har shakhs ke liye asaan hai, aur ye sadqa ke barabar ajar dete hain. Sahaba ke darmiyan naiki mein sabqat ka jazba tha, jo humein bhi apnana chahiye. Nabi ﷺ ne zikr ke alfaz, jaise 'SubhanAllah', 'Alhamdulillah', 'Allahu Akbar', aur 'La ilaha illa Allah', ko sadqa qarar diya. Yeh alfaz sirf zubaan ki ibadat nahi, balki dil ki tasdeeq aur Allah ke qurb ka zariya hai.

| **Tareeqa** | **SubhanAllah** | **Alhamdulillah** | **Allahu Akbar** | **La ilaha illa Allah** | **Total Count** |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 33 martaba | 33 martaba | 33 martaba | La ilaha illa Allah wahdahu la sharika lah, lahul mulk wa lahul hamd wa huwa 'ala kulli shay'in qadeer (1 martaba) | 100 |
| 2 | 33 martaba | 33 martaba | 34 martaba | - | 100 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3 | 25 martaba | 25 martaba | 25 martaba | 25 martaba | 100 |
| 4 | 10 martaba | 10 martaba | 10 martaba | - | 30 |

Sabhi tareeqe sahi hain, aur aadmi kabhi ek tareeqa aur kabhi doosra tareeqa apna sakta hai.Ye azkaar khaas tor par sirf farz namazon ke baad padhe jate hain, sunnat ya nafl namazon ke baad nahi. Azkaar ke doran khushu, ikhlas, aur tasdeeq par dhyan dena chahiye.

## Hadith Number 26

## Adl Aur Musalman Bhai Ki Madad

Hazrat Abu Hurairah رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Nabi ﷺ ne farmaya:
"Har insaan ke har jor par har din ek sadqa farz hai jab suraj taloo hota hai." Sahaba ne sawaal kiya ke kaise? Nabi ﷺ ne jawab diya:

- Do logon ke darmiyan insaf karna sadqa hai.
- Kisi shakhs ki sawari mein madad karna ya uska saman uthana sadqa hai.
- Har achi baat kehna sadqa hai.
- Masjid ki taraf uthaya gaya har qadam sadqa hai.
- Raste se takleef de cheez hatana sadqa hai.

Nabi ﷺ ne is hadith mein yeh wazeh kiya ke sadqa sirf maal ya paisa dene tak mehdood nahi, balke har wo amal jo kisi insaan ke liye madadgar ho ya Allah ki raza ke liye kiya jaye, wo sadqa kehlata hai. Har insaan ke jism mein 360 jor hai, aur inka shukr ada karne ke liye har din sadqa dena zaroori hai.

## Sadqa Ke Mukhtalif Shaklien:

### Insaaf Karna:

Nabi ﷺ ne farmaya ke agar tum do logon ke darmiyan insaf karte ho ،to yeh bhi sadqa hai. Insaaf ek musalman ke liye ek ahem zimmedari hai jo sirf adal par mabni hai.

## Madad Karna:

Kisi shakhs ki sawari mein madad karna ،ya uska saman uthakar uski madad karna bhi sadqa hai.

## Achi Baat Kehna:

Har wo baat jo kisi ka dil khush kare ،ya usse naseehat aur rahnumai de ،wo bhi sadqa hai. Achhi baat sirf bolne wale ke amal mein izafa nahi karti ،balke sunnne wale ke liye bhi faida mand hoti hai.

## Masjid Ki Taraf Har Qadam:

Masjid ki taraf uthaya gaya har qadam bhi sadqa hai. Iska matlab hai ke ibadat aur Allah ke ghar ki taraf rukhsat karna khud ek naikamal hai.

## Raste Se Takleef De Cheez Hataana:

Raste se har wo cheez jo logon ke liye rukawat bane ،usko hata dena sadqa hai. Nabi ﷺ ne is amal ko bhi sadqa ke darje par rakha.